Maulana Azad National Urdu University

M.A (Translation) I Semester Examination, February 2022

Paper : MATS103CCT : Urdu Usage

پرچہ : اردو کا استعمال

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. اسلوب کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی اہم اقسام کا ذکر کیجئے۔
2. کہاوت اور محاورے کے درمیان فرق کو مثالوں کے ذریعے واضح کیجئے۔
3. متن کی تفہیم سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مدلل اظہار خیال کیجئے۔
4. ترجمے میں تہذیبی عناصر کی کیا اہمیت ہے؟ واضح کیجئے۔
5. اقبال کے درج ذیل شعر کی روشنی میں تلمیح کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

   کشتی مسکین و جان پاک و دیوار یتیم
   علم موسیٰ بھی ہے تیرے سامنے حیرت فروش

6. اردو کے مختلف علاقائی لہجوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کی مثالیں دیجئے۔
7. حروف علت اور حروف صحیح سے کیا مراد ہے؟ معہ امثال واضح کیجئے۔
8. اسم کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی اہم اقسام بیان کیجئے۔
9. اردو میں اپنے کسی پسندیدہ تخلیق کار کے اسلوب پر روشنی ڈالیے۔
10. اردو صرف و نحو پر مختصر نوٹ لکھیے۔

حصہ دوم

11. فسانۂ عجائب کی زبان اور اس کے اسلوب پر تفصیل سے اظہار خیال کیجئے۔
12. کہاوت کی تعریف بیان کرتے ہوئے ادبی اور غیر ادبی کہاوتوں کے درمیان فرق کو مثالوں کے ذریعے واضح کیجئے۔
13. محاورے کی تعریف بیان کریے اور اس کی اہم خصوصیات کا ذکر کیجئے۔
14. اسلوب سے متعلق کوئی دو مغربی مفکرین کی آرا پر روشنی ڈالئے۔
15. اردو میں تشبیہ اور استعارے کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔

☆☆☆